جہلم میں تحفظ ناموس رسالت ﷺ کارواں کا شاندار استقبال

گذشتہ دنوں ڈنمارک اور ہالینڈ میں نبی اکرم ﷺ کی شان میں گستاخی کرتے ہوئے کچھ اخبارات نے توہین آمیز خاکے شائع کیے جس کی مذمت میں اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان نے محبت رسول ﷺ کے عملی اظہار کیلئے تحفظ ناموس رسالت ﷺ کارواں کا اہتمام کیا۔مورخہ 3 اپریل بروز جمعرات سہ پہر 4:00 بجے جہلم کے نئے پل پر اہل حدیث یورتھ فورس اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن نے کارواں کا شاندار استقبال کیا، نئے پل سے یہ کارواں چھاؤنی چوک، جی ٹی ایس چوک اور ریلوے روڈ سے ہوتا ہوا جب مین بازار پہنچا تو دوکانداروں نے کارواں پر اتنی گل پاشی کی کہ راہیں سرخ ہوگئیں۔ بعد ازیں کارواں چوک اہل حدیث سے ہوتا ہوا اکرم شہید پارک میں بہت بڑے جلسے کی شکل اختیار کر گیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، سٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔صدر اہل حدیث یوتھ فورس امتیاز احمد مجاہد ایڈووکیٹ نے خطاب کیا آخر میں یہ پروگرام رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے تکمیل پذیر ہوا۔

جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 4 مئی بروز اتوار جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر ہوئی۔جس میں مولانا قاری سیف اللہ خالد ملتانی اور حضرت مولانا منظور احمد گوجرانوالا نے خطاب کیا۔

رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

وفیات

قاری علی حیدر کو صدمہ

مورخہ 11 مارچ بروز منگل قاری علی حیدر خطیب جامع مسجد اہل حدیث سعیلہ کینٹ کا نومولود بیٹا وفات پا گیا۔انا للہ وانا الیہ راجعون نمازِ جنازہ جامع مسجد اہل حدیث سعیلہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

مولانا اکرام الحق کو صدمہ

مورخہ 29 مارچ بروز ہفتہ مولانا اکرام الحق (فاضل مدینہ یونیورسٹی) کی خالہ محترمہ دفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔نمازِ جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

محمد جاوید (گوجرخان) کو صدمہ

مورخہ 30 مارچ بروز اتوار محمد جاوید (گوجرخان) کی زوجہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ جامع مسجد اہل حدیث گوجرخان سے متصل مدرسۃ البنات کی معلمہ تھیں۔سینکڑوں بچیوں نے ان سے قرآن مجید حفظ کیا، ترجمہ وتفسیر اور حدیث کا علم بھی حاصل کیا جو یقیناً ان کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

قاری غلام رسول کو صدمہ

مورخہ 30 مارچ بروز اتوار قاری غلام رسول صدر مدرس شعبہ حفظ جامعہ علوم اثریہ جہلم کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ کی نمازِ جنازہ آزاد کشمیر میں مولانا عبداللہ احسانی سابق مدرس جامعہ علوم اثریہ جہلم نے پڑھائی جبکہ دوسرے دن جامعہ میں ان کی غائبانہ نمازِ جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

محترم عبدالرحمٰن و قاری ظہور الٰہی کو صدمہ

مورخہ 31 مارچ بروز سوموار رئیس الجامعہ کے چچا محترم عبدالرحمٰن کی اہلیہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ نیک اور با اخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نمازِ جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

محمد سلیم علوی و عامر سلیم علوی کو صدمہ

مورخہ 10 اپریل بروز جمعرات محمد سلیم علوی کی ہمشیرہ اور عامر سلیم علوی کی پھوپھی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور با اخلاق خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

نور صمد و عبدالرحمٰن زاہد کو صدمہ

مورخہ 18 اپریل بروز جمعہ نور صمد ناظم مدرسہ تقویۃ الاسلام شیش محل روڈ لاہور کی والدہ اور عبدالرحمٰن زاہد کی چچی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک سیرت خاتون تھیں۔

حاجی پرویز (سوہاوہ) کو صدمہ

مورخہ 3 مئی بروز ہفتہ حاجی پرویز (سوہاوہ) کی زوجہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ بڑی ہی نیک اور با اخلاق خاتون تھیں۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

مولانا محمد عبداللہ و مولانا احمد علی کو صدمہ

مورخہ 6 مئی بروز منگل مولانا محمد عبداللہ مدیر التعلیم جامعہ علوم اثریہ کے بہنوئی اور مولانا احمد علی نائب شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ کے چچا محترم محمد ایوب طویل علالت کے بعد تاندلیانوالا (فیصل آباد) میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند، نیک، متقی اور با اخلاق انسان تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)